# اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ دی سرل کمپنی لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے ممبران کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بذریعہ وڈیو لنک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع بمقام دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہ فیصل، کراچی میں مورخہ ۲۸ جون ۲۰۲۱ء کو دن کے ۰۰:۱۱ بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

## عمومی کارروائی

۱۔ ۵۵ ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۰ء کی کارروائیوں کی توثیق۔

## خصوصی کارروائی

۲۔ درج ذیل قراردادوں پر غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹ کی شقوں، ساتھ ملا کر پڑھیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او ۱۲۳۹(۱)/۲۰۱۷ مورخہ ۶ دسمبر ۲۰۱۷ کی کلاز (f) کی شق بشمول کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۸۳(۳) کے مطابق بطور خصوصی قراردادیں ان کی ترمیم یا بلا ترمیم، جو کمپنی کو اس کی منسلکہ کمپنی اور مکمل ملکیتی ذیلی ادارے یعنی آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے تمام شیئرز کو ڈس انویسٹ/فروخت بذریعہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے شیئرز کی ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد) فروخت یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، جو کمپنی کی ایک منسلکہ کمپنی/متعلقہ پارٹی ہے، کو کرنے کا اختیار دینے کے مقاصد کیلئے ہے۔

''قرار پایا کہ کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا مجاز ہے کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۹۹، ساتھ ملا کر پڑھیں ایس آر او ۱۲۳۹(۱)/۲۰۱۷ مورخہ ۶ دسمبر ۲۰۱۷ء کی کلاز (f) کی شق بشمول کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۸۳(۳) کے مطابق آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کا ۱۰۰ فیصد (ایک سو فیصد)، بحیثیت اس کا مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ ڈس انویسٹ/فروخت بذریعہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے شیئرز کی فروخت یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (یا اس کے نامزدگان) کو مجموعی رقم -/۳،۵۲۶،۸۷۵،۰۰۰ پاک روپے (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے) کیلئے کردے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب ایس ندیم احمد، اور/یا کمپنی کے ڈائریکٹر اور سیکریٹری جناب زبیر رزاق پال والا، یا ایسا کوئی دیگر فرد (افراد) جن کو ان (''مجاز افراد'') میں سے کوئی اختیار دے، کو اختیارات دیئے جائیں اور بذریعہ ہٰذا دیئے جاتے ہیں کہ وہ مشترکہ یا اجتماعی طور پر مجاز اور بااختیار ہیں کہ وہ ایسے تمام ضروری اقدامات کریں، وقتاً فوقتاً ایسے تمام مطلوبہ فیصلے، تمام کارروائیاں م معاہدے اور معاملات انجام دے، ضروری اجازت نامے حاصل کرے اور وہ تمام ڈیڈز، ایگریمنٹس، ڈکلریشنز، انڈرٹیکنگز اور گارنٹیز بشمول تمام اتفاقی دستاویزات کی تکمیل انجام دے یا کمپنی کی جانب سے یا اس کے نام پر ایسی دستاویزات فراہم کرے جو مجوزہ قراردادوں کی انجام دہی کے مقاصد کے سلسلے میں درست ہوں یا اتفاقی طور پر ان کی ضرورت پڑے۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا معاملات کے سلسلے میں کمپنی کی جانب سے کسی بھی مجاز افراد کی جانب سے اس بارے میں کیے جانے والے تمام اقدامات کو بذریعہ ہٰذا کمپنی کی جانب سے مکمل طور پر توثیق، تصدیق شدہ اور مروجہ قرار دیا جاتا ہے۔''

۳۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

**زبیر رزاق پال والا**
کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۷ جون ۲۰۲۱ء

## نوٹ:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۲ جون ۲۰۲۱ء تا ۲۸ جون ۲۰۲۱ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، واقع بمقام سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ میں ۲۱ جون ۲۰۲۱ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصولہ ٹرانسفرز مذکورہ بالا استحقاق کے ٹرانسفریز کو مقاصد کے لئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

### اجلاس عام میں شرکت

تمام ممبران کو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ کوئی بھی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے، اظہارِ خیال کرنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی کا تقرر کرسکتا/کرسکتی ہے، پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں، موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی میں اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

شیئرز کا کوئی بھی انفرادی بینیفیشل اونر لازماً اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپینٹ کا آئی ڈی نمبرز ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ ممبران کا کوئی بھی نمائندہ لازماً بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/یا پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ کے نمونہ دستخط ساتھ لیکر آئے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱ مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ میں درج رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کریں

### اجلاس میں شرکت کے لئے

افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ان افراد جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، ان کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔

### پراکسیز کے تقرر کے لئے

سی ڈی سی سے شیئرز کے ایک انفرادی بنی فیشل اونر کیلئے پراکسی کی صورت میں بنی فیشل اونر کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر لازمی طور پر پراکسی کے فارم کے ساتھ جمع کرایا جائے۔

سی ڈی سی سے کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کیلئے پراکسی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد اور پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ کے نمونہ دستخط لازماً پراکسی کے فارم سے ساتھ لازمی طور پر جمع کرائے جائیں۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

موثر ہونے کیلئے پراکسی کا فارم باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، اسٹیمپ شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ بشمول پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویزات (اگر کوئی ہوں) کو لازمی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۴۸ (اڑتالیس) گھنٹے قبل جمع کرا دیا جائے۔

اگر کوئی ممبر ایک سے زائد پراکسی مقرر کرتا/کرتی ہے یا کسی ممبر کی جانب سے پراکسی کے ایک سے زائد فارم کمپنی میں جمع کرائے جاتے ہیں تو ایسی صورت میں ایسے تمام پراکسی فارمز غیر کارآمد تصور کیے جائیں گے۔

## شیئر ہولڈر کے پتے میں تبدیلی کی اطلاع

کمپنی کے ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے ڈاک کے پتوں میں تبدیلیوں (اگر کوئی ہوں) سے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

## وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے اجازت

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۲(۲) کے مطابق اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر مقیم مجموعی طور پر ۱۰ فیصد یا زائد کی شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کی خواہش کی اطلاع اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۱۰ (دس) دن قبل موصول ہوئی تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کر دے گی جو اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے لئے براہِ مہربانی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں درج ذیل معلومات فراہم کر دیں۔

## وڈیو کانفرنس سہولت کے لیے اجازت نامے کا فارم

| |
|---|
| میں/ہم ______________ بابت ______________ بحیثیت دی سرل کمپنی لمیٹڈ کا ایک شیئر ہولڈر، حامل __________ عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر __________ بذریعہ ہذا بمقام ______________ پر وڈیو کانفرنس سہولت کی طلب رکھتا ہوں / رکھتے ہیں۔<br><br>ممبران کے دستخط |

## شیئر ہولڈرز کے اجلاس عام کے لیے کورونا کنٹی جینسی پلاننگ

ایس ای سی پی سرکلر نمبر ۵ بابت ۲۰۲۰ء مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۰ء، سرکلر نمبر ۴ بابت ۲۰۲۱ مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ اور سرکلر نمبر ۶ بابت ۲۰۲۱ مورخہ ۳ مارچ ۲۰۲۱ کے مطابق کمپنی نے عوامی اجتماعات پر سرکاری پابندیوں کے تناظر میں کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد کے لئے خصوصی اقدامات کیے ہیں۔ اس کے مطابق کمپنی کی ممبران کی آسانی اور ممبران کی شرکت میں سہولت کی غرض سے درج ذیل اطلاعات فراہم کی جارہی ہیں:

i شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاس عام کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز کیلئے اپنے تاثرات/تجاویز بذریعہ ای میل، واٹس ایپ یا کسی بھی دیگر الیکٹرونک طریقہ کار یا بذریعہ ڈاک یا کوریئر ارسال کریں، تفصیلات ذیل میں درج ہیں:

| | |
|---|---|
| ای میل ایڈریس: | muhammad.suleman@searlecompany.com |
| واٹس ایپ نمبر: | +92 300 2700130 |
| موبائل نمبر: | +92 300 2700130 |
| رجسٹرڈ آفس کا پتہ: | دی سرل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، ون آئی بی ایل سینٹر، پلاٹ نمبر ۱، بلاک ۷ اور ۸، ٹیپو سلطان روڈ، آف شاہراہِ فیصل، کراچی۔ |

ii کمپنی کے شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ وڈیولنک لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں اور اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے اپنے گھر یا کسی بھی باسہولت مقام سے شرکت کی کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کوائف غیر معمولی اجلاس عام کے مقررہ وقت سے کم از کم ۲۴ گھنٹے قبل درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کے پاس رجسٹرڈ کرا لیں:

**ای میل:** muhammad.suleman@searlecompany.com

لاگ اِن سہولت ۲۸ جون ۲۰۲۱ء کو صبح ۱۰:۰۰ بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان کارروائیوں میں شامل ہو سکیں جن کا آغاز ٹھیک صبح ۱۱:۰۰ بجے کر دیا جائے گا۔

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل فارمیٹ کے مطابق معلومات فراہم کریں، وڈیو لنک شیئر ہولڈرز کو درج ذیل جدول میں فراہم کردہ ان کے ای میل ایڈریس پر فراہم کر دیا جائے گا۔

| نمبر شمار | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

iii موجودہ صورتحال کے تناظر میں شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ پراکسیز فراہم کریں۔

**کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت خصوصی قرارداد سے متعلق بیان کمپنی کے ممبران کو ارسال کردہ نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور اس کا ایک لازمی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔**

**کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت بیان اور مطلوبہ معلومات زیرِ تحت کمپنیز (منسلکہ کمپنیوں یا منسلکہ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، ۲۰۱۷ ذیل میں فراہم کی گئی ہے:**

دی سرل کمپنی لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ کراچی مورخہ ۲۸ جون ۲۰۲۱ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے انجام دیئے جانے والے خصوصی امور بہ متعلق کمپنی کے مکمل ملکیتی ذیلی ادارے آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی فروخت کے سلسلے میں ضروری حقائق کا بیان ذیل میں درج ہے:

| نمبر شمار | | تفصیل | مطلوبہ معلومات |
|---|---|---|---|
| (a) | | تمام اقسام کی سرمایہ کاریوں کی وضاحت | |
| (A) | | منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ سے متعلق: | |
| | (i) | منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کا نام | آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ<br>(''آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی'') |
| | (ii) | تعلقات کار کی بنیاد | کمپنی کا مکمل ملکیتی ذیلی ادارہ |
| | (iii) | گزشتہ ۳ سالوں کیلئے آمدنی فی شیئر | نقصان فی شیئر:<br>2020: پاک روپے(0.13)<br>2019: پاک روپے(1.44)<br>2018: پاک روپے(36.7) |

| نمبر شمار | | تفصیل | مطلوبہ معلومات |
|---|---|---|---|
| (iv) | | تازہ ترین آڈٹ شدہ مالی حسابات کی بنیاد پر بریک اپ ویلیو فی شیئر | پاک روپے (84.86) فی شیئر<br>بمطابق 30 جون 2020 |
| (v) | | مالیاتی پوزیشن بشمول مالی پوزیشن اور اس کے تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی بنیاد پر نفع ونقصان کے اکاؤنٹ کے بیان کے مرکزی آئٹمز | مالیاتی پوزیشن/کارکردگی ۔30 جون 2020<br>پاک روپے<br>مجموعی اثاثہ جات: 2,415,549,000<br>مجموعی واجبات: 3,217,914,000<br>شیئر ہولڈرز کی ایکویٹی: (802,365,000)<br>مجموعی سیلز: (10,621,000) |
| (vi) | | منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کے پروجیکٹ سے متعلق سرمایہ کاری کی صورت میں جس نے آپریشن کا آغاز نہ کیا ہو، درج ذیل مزید معلومات بنام: | N/A |
| | (i) | پروجیکٹ کی تفصیل اور اس کے قیام سے اس کی ہسٹری | N/A |
| | (ii) | آغاز کی تاریخ اور کام کی تکمیل کی متوقع تاریخ | N/A |
| | (iii) | وہ وقت جب سے ایسے پروجیکٹ نے تجارتی آپریشن کا آغاز کیا | N/A |
| | (iv) | متوقع وقت جس میں پروجیکٹ سرمایہ کاری سے منافع کی ادائیگی کا آغاز کرے گا | N/A |
| | (v) | پروموٹرز، اسپانسرز، منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کی جانب سے انویسٹ کئے گئے یا انویسٹ کئے جانے والے فنڈز جس میں کیش اور نان۔کیش رقم کے درمیان امتیاز کیا گیا ہو | N/A |
| (B) | | عمومی وضاحتیں | |
| (i) | | سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ رقم جو لگائی جائے گی | سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ SRO 1239(I)/2017 مورخہ 6 دسمبر 2017 کے کلاز (f) کی شق کے تحت کمپنی کی جانب سے اس کے مکمل ملکیتی ذیلی ادارے میں اس کی تمام تر شیئر ہولڈنگ کی ڈس انویسٹ/فروخت کیلئے شیئر ہولڈرز کی اجازت حاصل کی جارہی ہے۔<br>اس کے مطابق کمپنی کی جانب سے چونکہ کوئی سرمایہ کاری نہیں کی جارہی، لہٰذا ٹرانزیکشن/فروخت کیلئے مجموعی قیمت فروخت -/3,526,875,000 پاک روپے (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے) ہے |

| نمبر شمار | | تفصیل | مطلوبہ معلومات |
|---|---|---|---|
| (ii) | | سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ممبران کو ایسی سرمایہ کاری اور سرمایہ کاری کی مدت سے ممکنہ طور پر حاصل فوائد، مقاصد | (چونکہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی منفی ایکویٹی کے ساتھ خسارہ حاصل کرنے والا ادارہ ہے، لہٰذا فروخت سے کمپنی لاگت کے نرخوں پر اس کی سرمایہ کاری سے بری الذمہ ہو جائے گی جس کے فنڈز کمپنی کے فوائد، اس کے آپریشنز اور دیگر منصوبے کیلئے استعمال کئے جا سکیں گے۔ |
| (iii) | | سرمایہ کاری کیلئے استعمال کئے جانے والے فنڈز کے ذرائع اور جہاں سرمایہ کاری قرض لئے گئے فنڈز کے استعمال سے کی جا رہی ہے | N/A |
| | (i) | قرضہ جات کے ذریعے سرمایہ کاری کی وضاحت | N/A |
| | (ii) | اشتراکیت، فراہم کردہ گارنٹیز اور ایسے فنڈز کے حصول کیلئے رہن رکھے گئے اثاثہ جات کی تفصیل | N/A |
| | (iii) | لاگت سے فائدے کا تجزیہ | N/A |
| (iv) | | معاہدوں کی کلیدی خصوصیات، اگر کوئی ہوں جو کہ منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ کے ساتھ مجوزہ سرمایہ کاری کے ضمن میں ہوں | آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی کے 100 فیصد شیئرز مجوزہ طور پر یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مجموعی طور پر -/3,526,875,000 پاک روپے (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے) کے نرخ پر فروخت کئے جا رہے ہیں جو کہ اقساط میں 60 دنوں میں قابل ادائی ہوں گے |
| (v) | | ڈائریکٹرز، اسپانسرز، اکثریتی شیئر ہولڈرز اور ان کے عزیز و اقارب، اگر کوئی ہوں کا منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ یا زیرِ غور ٹرانزیکشن میں بلواسطہ یا بلاواسطہ مفاد | جناب مونس عبداللہ، بحیثیت کمپنی کے ایک ڈائریکٹر (اور ایک شیئر ہولڈر) جو یونیورسل وینچرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بھی ایک ڈائریکٹر اور اکثریتی شیئر ہولڈر بھی ہیں، مجوزہ حصول کنندہ ہیں |
| (vi) | | منسلکہ کمپنی یا منسلکہ انڈرٹیکنگ میں پہلے سے کی جانے والی سرمایہ کاری کی صورت میں ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول کسی بھی امپیئرمنٹ یا رائٹ آفس (offs) کے لئے معلومات/ وضاحت | N/A |
| (vii) | | کوئی بھی دیگر اہم تفصیل جو اس ٹرانزیکشن کو سمجھنے کے لئے ممبران کیلئے ضروری ہو | N/A |

| مطلوبہ معلومات | تفصیل | نمبر شمار | |
|---|---|---|---|
| ایکویٹی انویسٹمنٹ کی صورت میں درج ذیل وضاحتیں ان کے علاوہ اضافی ہیں جو مذکورہ بالا شق (a) کے تحت فراہم کی جارہی ہیں | | (b) | |
| چونکہ کمپنی کی جانب سے کوئی سیکیورٹیز حاصل نہیں کی جارہیں، آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے شیئرز زیادہ سے زیادہ 61.875 پاک روپے (اکسٹھ روپے اور آٹھ سو پچھتر پیسے) فی شیئر یعنی مجموعی مالیت 3,526,875,000/- پاک روپے (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے) کی رقم پر فروخت کیئے جائیں گے | زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکیورٹیز حاصل کی جائیں | | (i) |
| یہ نافذ العمل نہیں ہے تاہم قیمت فروخت آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی کے فی شیئر بریک اپ ویلیو سے نمایاں حد تک زائد ہے جو کہ منفی ایکویٹی کے ساتھ خسارہ حاصل کرنے والی کمپنی ہے | لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں خریداری کے نرخ مارکیٹ ویلیو سے زائد ہونے کی صورت میں اور ان۔لسٹڈ سیکیورٹیز کی صورت میں فیئر ویلیو ہونے پر اس کی وضاحت | | (ii) |
| کوئی سیکیورٹیز حاصل نہیں کی جارہی ہیں؛ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں کمپنی کی 100 فیصد شیئر ہولڈنگ ڈس انویسٹ/فروخت کی جارہی ہے | حاصل کی جانے والی سیکیورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | | (iii) |
| مجوزہ ڈائی ویسٹمنٹ سے قبل موجودہ سیکیورٹیز کی تعداد 57,000,000 (ستاون ملین) عمومی شیئرز تشکیل کردہ 100 فیصد (ایک سو فیصد) جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل بابت آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ؛ اور<br>مجوزہ ڈائی ویسٹمنٹ کے بعد موجودہ سیکیورٹیز کی تعداد 0 (زیرو) شیئرز ہوگی | مجوزہ سرمایہ کاری سے قبل اور اس کے بعد سیکیورٹیز کی تعداد اور فیصدی شرح | | (iv) |
| N/A | موجودہ اور رواں بارہ ہفتوں کے وزن کردہ اوسطاً مارکیٹ پرائس وہاں سرمایہ کاری لسٹڈ سیکیورٹیز میں کرنے کی تجویز ہو | | (v) |
| کمپنی نے فی شیئر درست قدرو قیمت کے تعین کے مقاصد کیلئے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کی خدمات حاصل کی ہیں اور ویلیوایٹر اس قدرو قیمت کا اندازہ لگانے کے مراحل سے گزر رہے ہیں۔ اس ویلیوایشن کی رپورٹ آئندہ ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کے رُوبرو ان کے جائزے کیلئے پیش کردی جائے گی۔ | کمپنیز (منسلکہ کمپنیوں یا منسلکہ انڈرٹیکنگ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 5 کے ذیلی ضابطے (1) کی شرائط کے تحت ان۔لسٹڈ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کیلئے تعین کردہ فیئر ویلیو | | (vi) |

| نمبرشمار | تفصیل | مطلوبہ معلومات |
|---|---|---|
| | | یہ امر بھی نوٹ کیا جائے کہ مجوزہ قیمت فروخت متوقع موزوں قدر و قیمت اور فی شیئر بریک اپ ویلیو سے زائد ہے، جیسا کہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے نمایاں حد تک خساروں کا سامنا کیا ہے اور موجودہ طور پر اس کا کوئی کاروبار نہیں ہے۔اس لحاظ سے لاگت کے نرخ پر ان شیئرز کی فروخت کے ذریعے کمپنی اس کی سرمایہ کے تحفظ اور اس سے فراغت حاصل کر پائے گی۔ |

سیکشن B(v) مذکورہ بالا میں درج وضاحت کے علاوہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا خصوصی امور میں کوئی بلواسطہ یا بلاواسطہ، ماسوائے کمپنی میں ان کے متعلقہ شیئر ہولڈنگ کا توسیع، کوئی مفاد نہیں ہے۔

درج ذیل اضافی معلومات بھی فراہم کی جارہی ہے چونکہ مجوزہ فروخت کمپنی کے ذیلی ادارے کی فروخت/ ڈسپوزل سے متعلق ہے:

| ذیلی ادارے کا نام | آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
|---|---|
| ذیلی ادارے میں سرمایہ کاری کی مالیت اور بک ویلیو | مالیت:-/3,526,875,000 (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے)<br>بُک ویلیو: مذکورہ بالا کے مطابق |
| ذیلی کمپنی کے شیئرز کی ویلیو پر منحصر ذیلی ادارے کی مجموعی مارکیٹ ویلیو (ایک رجسٹرڈ ویلیور، جو ایسی ویلیوایشن انجام دینے بشمول ویلیور کے نام کا اہل ہے، کے ذریعے ویلیو کا تعین کیا جارہا ہے) | کمپنی نے فی شیئر درست و موزوں قدر و قیمت کی بنیاد پر آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی کی مجموعی مارکیٹ ویلیو کے تعین کے مقاصد کیلئے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کی خدمات حاصل کی ہیں اور ویلیوایٹر اس قدر و قیمت کا جائزہ لینے کے مراحل سے گزر رہے ہیں۔ اس ویلیوایشن کی رپورٹ آئندہ ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کے روبرو ان کے جائزے کیلئے پیش کر دی جائے گی۔<br>یہ امر بھی نوٹ کیا جائے کہ مجوزہ قیمت فروخت متوقع موزوں قدر و قیمت اور فی شیئر بریک اپ ویلیو سے زائد ہے، جیسا کہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے نمایاں حد تک خساروں کا سامنا کیا ہے اور موجودہ طور پر اس کا کوئی کاروبار نہیں ہے۔ |
| تازہ ترین آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور بعدازاں عبوری مالیاتی حسابات، اگر دستیاب ہوں، کے مطابق ذیلی ادارے کی خالص قدر | 31 مئی 2021 کے مطابق (780,629,481) پاک روپے (غیر آڈٹ شدہ) اور 30 جون 2020 کے مطابق (802,365,000) پاک روپے (آڈٹ شدہ) |

| آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی (پرائیویٹ) لمیٹڈ | ذیلی ادارے کا نام |
|---|---|
| آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی میں سرمایہ کاری کی ڈسپوزل کے لئے مجموعی زیرِغور قدر -/3,526,875,000 پاک روپے (تین بلین پانچ سو چھبیس ملین آٹھ سو پچھتر ہزار پاک روپے) ہے۔<br>زیرِ جائزہ قدر و قیمت کے تعین کے لئے بنیاد:<br>(کمپنی کی سرمایہ کاری کی مالیت)<br>زیرِ جائزہ قدر و قیمت کا استعمال:<br>(زیرِ جائزہ رقم کو کمپنی کے کاروبار میں دوبارہ انویسٹ کرنے کا ارادہ ہے) | ذیلی ادارے میں سرمایہ کاری کے ڈسپوزل کے لئے مجموعی زیرِغور قدر، زیرِغور اور اس کے استعمال کے تعین کی بنیاد |
| کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیصلہ کیا ہے کہ ٹیکسٹائل کے کاروبار سے باہر نکل جائیں، اس کے مطابق آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی کے جاری کردہ اور ادا شدہ شیئر کیپٹل کا 100 فیصد (ایک سو فیصد) ایک ایسی سرمایہ کار کمپنی کو فروخت کرنے کا ارادہ ہے جو اسے کمپنی کی جانب سے کی گئی سرمایہ کاری کی مساوی مالیت کی رقم پر خریدنے کی خواہشمند ہے باوجود اس امر کے کہ آئی بی ایل آئیڈینٹیٹی نے نمایاں حد تک خسارے حاصل کئے ہیں اور موجودہ طور پر اس کا کوئی کاروبار نہیں ہے۔ اصل مالیت پر ان شیئرز کی فروخت کے ذریعے کمپنی اپنی سرمایہ کاری کے تحفظ اور اس سے فراغت حاصل کرسکے گی۔ مزید برآں یہ بھی نوٹ کرلیا جائے کہ زیرِ جائزہ رقم کو کمپنی کے کاروبار میں دوبارہ انویسٹ کرنے کا ارادہ ہے۔ | ممبران کو حاصل ہونے والے متوقع فوائد کا حجم اور معیار |